**01-10-2023**
**21.15 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ......................اسلم بیگ

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کیلئے ہلدی سے متعلق قومی بورڈ اور Sammakka Sarakka قبائلی یونیورسٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔
☆ وزیر اعظم نے، گاندھی جینتی سے پہلے، صفائی ستھرائی کی ایک بڑی مہم میں ملک کی قیادت کی۔ سووچھتا ہی سیوا ابھیان کے تحت ملک بھر میں تقریباً 7 لاکھ تقاریب منعقد کی گئیں۔
☆ نئی دلّی میں، چوتھے فٹ انڈیا سوچھتا فریڈم رَن کا آغاز کیا گیا۔
☆ Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے، آج آٹھویں دن ایتھلیٹکس میں سونے کے دو اور نشانے بازی میں ایک تمغہ حاصل کیا۔ بھارت نے ابھی تک مجموعی طور پر 53 تمغے جیتے ہیں۔
☆ اویناش مُکند سَبلے نے مردوں کی Steeplechase میں تین ہزار میٹر کی دوڑ میں سونے کا تمغہ جیتا۔ ساتھ ہی انھوں نے ایشیائی کھیلوں کے آٹھ منٹ 19 اعشاریہ پانچ صفر سیکنڈ کا ریکارڈ بھی توڑا۔ تیجندر پال سنگھ تُور نے مردوں کے شاٹ پَٹ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ نشانے باز Kynan Darius Chenai اور پرتھوی راج Tondaiman نے بھی مردوں کی ٹیم کے Trap مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**PM Mahbubnagar**

وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کیلئے، ہلدی سے متعلق قومی بورڈ اور Sammakka Sarakka قبائلی یونیورسٹی قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ محبوب نگر میں آج دوپہر بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے اور اِنھیں ملک کے نام وقف کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہلدی سے متعلق قومی بورڈ سے، ہلدی کے سبھی کاشتکاروں کو مدد ملے گی۔

2100 PM On Turmeric

جناب مودی نے قبائلی یونیورسٹی کیلئے بھی 9 ہزار کروڑ روپئے کا اعلان کیا۔

2100 PM on University

وزیر اعظم نے، 13 ہزار 500 کروڑ روپئے سے زیادہ کی لاگت والے، دیگر بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کو بھی ملک کے نام وقف کیا اور اِن کا سنگ بنیاد رکھا۔

جناب مودی نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے خطے میں اقتصادی سرگرمیوں کو بڑھاوا ملے گا۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ اِن بنیادی ڈھانچے اور ترقی کے پروجیکٹوں سے، روزگار کے موقعوں میں اضافہ ہوگا اور لوگوں کی زندگیوں میں بہتری آئے گی۔

خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے میگا پارک کا ذکر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اِس سے خاص طور پر Hanumkonda، وڑنگل، Khammam اور محبوب نگر ضلعوں کے عوام کو مدد ملے گی۔

بعد میں Palamuru Prajagarjhana میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یقین دلایا کہ ریاست کے کسانوں کی مدد کیلئے مرکز لگاتار کوششیں کر رہا ہے۔

انھوں نے کہا کہ تلنگانہ میں، پی ایم کسان سمّان نِدھی کے تحت 10 ہزار کروڑ روپئے خرچ کئے گئے ہیں۔x

## Swachhata Ek Ghanta

وزیر اعظم نریندر مودی نے گاندھی جینتی سے پہلے ایک بڑی صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لے کر، سووچھتا ہی سیوا ابھیان میں ملک کی قیادت کی۔ صفائی ستھرائی کیلئے ''ایک تاریخ، ایک گھنٹہ، ایک ساتھ'' پہل کے حصے کے طور پر لوگوں نے آج ملک بھر میں وزیر اعظم مودی کے اِس نعرے پر، اِس بڑی صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لیا۔ جناب مودی نے شہریوں سے اپیل کی تھی کہ وہ مہاتما گاندھی کے یومِ پیدائش کے موقع پر اُنھیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے آج صبح صفائی ستھرائی کی مہم کیلئے، Shramdan کے مقصد سے ایک گھنٹہ صرف کریں۔

زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے عوامی جگہوں پر صفائی ستھرائی کی اِن سرگرمیوں میں حصہ لیا۔ان جگہوں میں ملک کے مختلف بازار، ریل پٹریاں، آبی ذخائر، سیاحتی مقامات اور عبادت کی جگہیں شامل ہیں۔

راجدھانی دلّی میں BJP صدر جے پی نڈّا، مرکزی وزرا بھوپیندر یادو، دھرمیندر پردھان، ڈاکٹر جتیندر سنگھ، ہریپ سنگھ پوری، میناکشی لیکھی، راجیو چندر سیکھر اور دیگر رہنماؤں نے، سووچھتا ابھیان میں شرکت کی۔

اطلاعات ونشریات کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ مودی حکومت نے محض تین سال میں، 12 کروڑ بیت الخلا تعمیر کئے ہیں۔ ملک بھر میں آج اِس بڑی صفائی ستھرائی مہم کیلئے 7 لاکھ جگہوں پر سرگرمیاں انجام دی گئیں۔ اِس مہم کے تحت شہری اور دیہی بھارت کے 6 لاکھ 40 ہزار سے زیادہ مقامات کو Shramdan کے طور پر اختیار کیا گیا۔x

## Fit India Swachata Fredom Run

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر مملکت نِتیش پرمانِک نے آج، نئی دلّی میں میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم سے چوتھے فٹ انڈیا سووچھتا فریڈم رَن کا آغاز کیا۔ یہ مہم اِس ماہ کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔ اِس کا مقصد موٹاپے، سستی، ذہنی دباؤ، اضطراب اور مختلف بیماریوں سے چھٹکارا پانے میں لوگوں کی مدد کر نا ہے اور تندرست رہنے

کیلئے اُن کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ شہریوں کو تاکید کی جائے گی کہ وہ جسمانی تندرستی کیلئے 30 منٹ صرف کریں اور سووچھ بھارت، سوستھ بھارت کے نعرے کے ساتھ اپنے سرگرم طرزِ زندگی کی کامیابیوں کی خوشی منائیں۔
چوتھے فٹ انڈیا فریڈم رَن، 31 اکتوبر کو گجرات کے شہر کیوڈیا میں یونٹی رَن کے ساتھ اختتام پذیر ہوجائے گا۔اِس کا تصور 2020 میں پیش کیا گیا تھا جب پورے ملک میں ایک نئے طرزِ زندگی کے اصول کے طور پر سماجی دوری کو اپنایا تھا۔ پہلی مرتبہ اِس مہم کا آغاز 15 اگست سے 2 اکتوبر 2020 تک، ورچوئل وسیلے سے کیا گیا تھا۔x

## Asian Games Day 8 Update

ہنگچو میں جاری ایشیائی کھیلوں کے آٹھویں دن بھارت نے سونے کے تین، چاندی کے پانچ اور کانسے کے پانچ تمغے جیتے۔ اس طرح بھارت کے تمغوں کی مجموعی تعداد آج 53 ہوگئی۔ بھارت نے سونے کے 13، چاندی کے 21 اور کانسے کے 19 تمغے جیتے۔ بھارت فی الحال تمغوں کی فہرست میں چوتھے مقام پر ہے۔
بھارت نے آج ایتھلیٹکس میں سونے کے دو تمغے جبکہ مردوں کی ٹریک ٹیم نے شوٹنگ مقابلے میں سونے کا ایک تمغہ جیتا۔ ایتھلیٹکس میں اویناش مُکند سبلے نے مردوں کی اسٹیپل چیز میں تین ہزار میٹر کی دور میں سونے کا تمغہ جیتا۔ ساتھ ہی انہوں نے ایشیائی کھیلوں کے آٹھ منٹ 19 اعشاریہ پانچ صفر سیکنڈ کا ریکارڈ بھی توڑا۔
تجیندر پال سنگھ تور نے مردوں کے شاٹ پُٹ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔
ہرمیلن بینس نے خواتین کی 1500 کی دوڑ میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔
نشانے بازی میں Kynan Darius Chenai اور پرتھوی راج Tondaiman نے مردوں کی ٹیم کے ٹریپ مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ راجیشوری کماری، منیشا کیر اور Preeti Rajak پر مشتمل بھارت کی خواتین کی ٹریپ ٹیم نے بھی چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ ادیتی اشوک نے انفرادی گولف مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ وہ ایشیائی کھیلوں میں گولف مقابلوں میں تمغہ جیتنے والی پہلی بھارتی خاتون ہیں۔ x

## Gandhi Jayanti

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بابائے قوم مہاتما گاندھی کے، 154ویں یوم پیدائش 'گاندھی جینتی' کے موقع پر ملک کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انھوں نے کہا کہ سچائی اور عدم تشدد کی، مہاتما گاندھی کی اقدار سے، دنیا کیلئے ایک نیا راستہ ہموار ہوا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ مہاتما گاندھی نے اپنی پوری زندگی میں نہ صرف عدم تشدد کیلئے بلکہ صفائی ستھرائی، خواتین کو بااختیار بنانے، خودکفالت اور کسانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کی۔ انھوں نے ذات پات، سماجی تفریق اور ناخواندگی کے خلاف بھی جدوجہد کی۔
نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے بھی، گاندھی جینتی کے موقع پر ملک کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ سچائی اور عدم تشدد کے، مہاتما گاندھی کے اصول، نو آبادیاتی حکمرانی کے خلاف، آزادی کیلئے بھارت کی جدوجہد میں رہنمائی کرنے والی روشنی ثابت ہوئے۔ انھوں نے کہا کہ آزادی اور مساوات کیلئے، باپو کی انتھک کوشش، نہ صرف بھارت کیلئے بلکہ عالمی برادری کیلئے بھی مشعل راہ ثابت ہوئی۔x

## Anurag Avinash

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے اویناش مُکند سبلے کو مردوں کی اسٹیپل چیز میں تین ہزار میٹر کی دوڑ میں سونے کا تمغہ جیتنے اور ایشیائی کھیلوں میں ریکارڈ قائم کرنے پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹھاکر نے کہا کہ اویناش سبلے نے غیرمعمولی ہنرمندی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سبلے کی جیت ان کی لگن اور سخت محنت کا ثبوت ہے۔×

## GST Collections

ستمبر کے مہینے میں GST کی مجموعی وصولیابی ایک لاکھ 62 ہزار 712 کروڑ روپے رہی۔ اس میں مرکزی GST، 29 ہزار 818 کروڑ روپے، ریاستی GST ، 37 ہزار 657 کروڑ روپے اور مربوط GST، 83 ہزار 623 کروڑ روپے اور سیس گیارہ ہزار 613 کروڑ روپے شامل ہیں۔ سرکار نے مربوط GST میں سے 33 ہزار 736 کروڑ روپے، مرکزی GST کے لیے اور 27 ہزار 578 کروڑ روپے ریاستی GST کے لیے مختص کیے۔ ستمبر کے مہینے میں GST مالیہ پچھلے سال کے اسی مہینے کے مقابلے دس فیصد زیادہ رہا۔ اِس مہینے کے دوران اندرون ملک لین دین سے حاصل ہونے والا مالیہ پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے 14 فیصد زیادہ رہا۔ 2023-24 میں یہ چوتھی مرتبہ ہے جب GST کی مجموعی وصولیابی ایک اعشاریہ 60 لاکھ کروڑ روپے کے نشانے کو پار کر گئی ہے۔×

## PM Athletes

وزیراعظم نریندر مودی نے ایشیائی کھیلوں میں خواتین کے 15 سو میٹر مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر Harmilan Bains کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ یہ جوش اور جذبے سے بھرپور شاندار کارکردگی رہی۔ وزیراعظم نے اجے کمار سروج کی کارکردگی کو بھی سراہا ہے۔ سروج نے مردوں کے 500 میٹر مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ وزیراعظم نے مردوں کے 15 سو میٹر مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتنے کے لیے Jinson Johnson کی بھی ستائش کی۔ انہوں نے خواتین کے Heptathlon مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتنے پر نندنی Agasara کی بھی تعریف کی۔

وزیراعظم نے چاندی کا تمغہ جیتنے پر ، لانگ جمپر سری شنکر مُرلی کو بھی مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سری شنکر مُرلی نے آنے والی نسلوں کے لیے بہترین مثال قائم کی ہے۔ جناب مودی نے سیما پُنیہ کی کارکردگی کی بھی تعریف کی ہے۔×

## PM Rajsthan Visit

وزیراعظم نریندر مودی کل راجستھان اور مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے۔ جناب مودی راجستھان کے چتوڑ گڑھ میں تقریباً سات ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وہ تقریباً چار ہزار 500 کروڑ کی لاگت سے تیار کردہ مہسانا - بھٹنڈا - گرداس

پور گیس پائپ لائن کو قوم کے نام وقف کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ Abu Road پر واقع HPCL کے LPG پلانٹ کو بھی وقف کریں گے۔

وزیراعظم مدھیہ پردیش میں گوالیر کے مقام پر تقریباً 19 ہزار 260 کروڑ روپے کی مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور انہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔

وہ دلی - وڈودرا ایکسپریس وے کو ملک کے نام وقف کریں گے اور پانچ مختلف سڑک پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔×

## Rajasthan Election Commission

راجستھان میں چناؤ کمیشن نے آنے والے اسمبلی انتخابات کے لیے تمام ضروری تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ چناؤ کمیشن کی پوری ٹیم نے ان تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ چناؤ کمیشن کی ٹیم تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے ریاست کے تین روزہ دورے پر ہے۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر راجیو کمار نے نوجوان اور خواتین رائے دہندگان سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ کرنے کی اپیل کی ہے۔ آج جے پور میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست میں 21 لاکھ 90 ہزار رائے دہندگان ہیں جو پہلی مرتبہ ووٹ ڈالیں گے۔×

## Rajnath Armed Forces

وزیردفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کو سال 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے لئے جدید سازوسامان سے لیس مضبوط مسلح افواج کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے اس وژن کو کو پورا کرنے میں ڈیفینس اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ اہم کردار ادا کرے گا۔

جناب سنگھ نے آج نئی دلی میں ڈیفینس اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کے 276 ویں یوم تاسیس کے موقع پر مختلف ڈجیٹل پہل قدمیوں کا افتتاح کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

ان پہل قدمیوں میں‌ایک مربوط دفاعی مالیاتی ڈیش بورڈ، وزارت دفاع کے لئے حساب ، بجٹ اور اخراجات کا مختصر خاکہ Saransh بل انفارمیشن اینڈ ورک Analysis سسٹم اینڈ ای-رکشاآواس Biswas بھی شامل ہیں۔

وزیر موصوف نے اس موقع پرشعبے کے اہم پروجیکٹوں کو پورا کرنے میں غیرمعمولی کارکردگی پیش کرنے کے لئے پانچ ٹیموں کو سال 2023 کے رکشا منتری ایوارڈز سے بھی نوازا۔ ☆☆

## Tawang Marathon

بھارت کی فوج اور اروناچل پردیش کی حکومت نے آج Tawang میں ایک بڑی کھیل تقریب Tawang Marathon کا اہتمام کیا۔ شمال مشرقی بھارت میں یہ اپنے آپ میں پہلی تقریب ہے، جس میں مقامی لوگوں اور ملک بھرسے دوڑ میں حصہ لینے والے افراد نے شرکت کی۔

مجموعی طور پر 25 ریاستوں کے Runners نے چار زمروں کے تحت اس میں حصہ لیا۔ یہ زمرے ہیں :

میراتھون، ہاف میراتھون ، دس کلومیٹر اور پانچ کلومیٹر کی دوڑ۔اس موقع پر ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر کرن رجیجو اور اروناچل پردیش کے وزیراعلیٰ پیا کھنڈو بھی موجود تھے۔☆

## Jammu Cocaine Recovery

مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں و کشمیر میں غیرقانونی طریقے سے منشیات کا کاروبار کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں پولیس نے منشیات کی بڑی مقدار برآمد کی ہے۔پولیس نے کل رات جموں-سری نگر قومی شاہراہ پر واقع رام بن کے بانیہال علاقے میں ایک گاڑی سے 30 کلوگرام کوکین برآمد کی، جس کی مالیت 300 کروڑروپے ہے۔

سرکاری ذرائع کے مطابق رام بن کے ایس ایس پی موہت شرما کی قیادت میں ان کی ٹیم نے کل رات کشمیرسے جموں جاتی ہوئی ایک گاڑی کو روکا، جس سے یہ نشیلا مادہ برآمدہوا۔ پولیس نے گاڑی میں سوار دو افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔☆

☆☆☆☆